لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۵ ربیع الاول سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۶ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء	جلد ۳۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	الاونس شامل تنخواہ -	۱
۲	تقرر مولوی سید داؤد صاحب -	۲
۳	اضافہ گرداور چنگی ریلوے -	۲
۴	علیحدگی مختار کار -	۲
۵	قرق نہین ہوا	

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

الاونس شامل تنخواہ

۲۶ اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر منشی ماتا پرشاد صاحب ممبر بورڈ آف آڈٹ کو چالیس روپیہ الاونس جو صیغہ نہر مین علاوہ ایک سو پچیس روپیہ ماہوار تنخواہ کے ملتا تہا شامل تنخواہ فرمایا گیا - اب صاحب موصوف ایکسو پچہتر روپیہ ماہوار تنخواہ پاوینگے - اور دو سو روپیہ کی بہی منظوری دیگئی -

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۲ء

مدرسہ عالیہ مین مولوی فاضل کے درجہ کی تعلیم کے واسطے اسوقت کوئی معلم نہین ہے۔ لہذا مولوی سید داؤد صاحب کا تقرر بمشاہرہ سو روپیہ ماہوار مدرسہ عالیہ مین برائے تعلیم درجہ مولوی فاضل منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ صدر سے جاری ہون۔ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کو اطلاع دیجائے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر اضافہ

۲۸ اکتوبر ۱۹۲۲ء

حسب تحریر میونسپل افسر صاحب۔ محمود الحسن گرداور چنگی چوکی ریلوے کی موجودہ تنخواہ بیس روپیہ ماہوار مین پانچ روپیہ اضافہ یکم نومبر ۱۹۲۲ء سے منظور کیا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر علیحدگی مختار

۲۸ اکتوبر ۱۹۲۲ء

حسب تصدیق رجسٹرار صاحب صدر۔ بربناء درخواست چرن ولد کلن قوم نورباف پیشہ ٹھیکہ داری ساکن محلہ سرائے کلان۔ لالہ بابو رام تحویلدار انہار کو ۱۵ اکتوبر ۱۹۲۲ء سے مختاری کے کام سے علیحدہ کیا گیا۔

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا